امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۳۰

دسویں قسم: باقی افعال ناقصہ

1. صار کے معنی ہیں ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہو جانا۔

اس حالت کا بدلنا دو طرح کا ہوتا ہے:

۱) کیفیت کا بدلنا: صار البشر أميرا (بشر بادشاہ ہوگیا) جناب بشر وہی ہیں مگر کیفیت بدل گئی۔

۲) حقیقت کا بدلنا: صار الماء هواء (پانی ہوا بن گیا) پانی کی اصل حقیقت ہی بدل گئی۔

نوٹ: صار گرذهب کے معنی میں استعمال ہو رہا ہو تو تامہ ہوتا ہے یعنی وہ فعل جس میں فقط فاعل کی ضرورت ہو، خبرِ منصوب کی ضرورت نہ ہو۔

مثال: صار زيد إلى عمرو۔ [یعنی زید عمر کی طرف گیا۔]

2. اصبح کے بھی تین استعمال ہیں:

۱) ناقصہ: مثال: أصبح زيد غنيّا [زید صبح کے وقت مالدار ہو گیا۔]

۲) تامہ: مثال: أصبح زيد [زید صبح کے وقت میں داخل ہو گیا۔]

۳) بمعنی صار مثال: أصبح زيد فقيرا. [زید فقیر ہو گیا۔]

3. امسی اور اضحی کے تین استعمال ہیں:

۱) کبھی جملہ کے مضمون کو ایک خاص وقت سے قریب کرتے ہیں۔ (صبح و شام وظہر)

مثال: أمسى زيد عابدا. [زید نے اپنی شام عبادت میں گزاری۔]

مثال: أضحى زيد راكبا. [زید دوپہر میں سوار ہوا۔]

۲) کبھی تامہ ہوتے ہیں

مثال: أمسى زيد [زید شام کے وقت میں داخل ہو گیا۔]

مثال:أضحی زید [زید ظہر کے وقت میں داخل ہو گیا۔]

۳) کبھی صار کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں

مثال: أمسی زید فقیرا .[زید فقیر ہو گیا۔]

مثال: أضحی زید فقیرا .[زید فقیر ہو گیا۔]

4. بات دو معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے:

۱)رات کے وقت خبر کے استمرار پر دلالت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

مثال:بات زید مصلّیا[زید نے پوری رات عبادت میں گزاری۔]

۲)صار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

مثال: بات زیدٌ فقیراً [زید فقیر ہو گیا۔]

5. ما زال مثال: ما زال زید أمیرا.:[زید کی بادشاہت ابھی تک ختم نہیں ہوئی ہے۔]یعنی زید ابھی تک بادشاہ ہے۔

6.ما فتئ مثال: ما فتئ زید عالما[زید کا علم باقی ہے۔]یعنی زید ابھی تک عالم ہے۔

7.ما بِرح مثال: ما برح زید عاقلا[زید کی عقل زائل نہیں ہوئی ہے۔]یعنی زید ابھی تک عاقل ہے۔

8 .مانفك مثال: ما انفك زید عالما.[زید کا عالم ہونا اس سے جدا نہیں ہوا ہے۔]یعنی زید ابھی تک عالم ہے۔